ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 02199212639

# حضرت عبداللہ شاہ غازیؒ کے عرس کی تقریبات کے موقع پر سیکیورٹی کے غیر معمولی اقدامات کیئے جائیں۔

## (آئی جی سندھ)

کراچی 31 اگست 2018ء:۔

آئی جی سندھ امجد جاوید سلیمی نے پولیس کو ہدایات جاری کی ہیں کہ حضرت عبداللہ شاہ غازیؒ کے تین روزہ عرس کی تقریبات کے موقع پر سیکیورٹی کے غیر معمولی اقدامات کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ ضلعی پولیس سیکیورٹی پلان کے تحت انٹیلی جینس کلیکشن وشیئرنگ, پیٹرولنگ, اسنیپ چیکنگ, پکٹنگ, ریکی, نگرانی, ناکہ بندی, سرچنگ اور ٹارگیٹڈ آپریشنز جیسے اقدامات کو مزید سخت مربوط اور غیر معمولی بنایا جائے تاکہ امن وامان کے حالات پر کنٹرول, شہریوں کی جان ومال کی سلامتی سمیت دہشت گردوں ودیگر سنگین جرائم میں ملوث عناصر کو قانون کی گرفت میں لاتے ہوئے ہر ممکن انسدادی اقدامات کو یقینی بنایا جاسکے۔

انہوں نے کہا کہ عرس کی تقریبات میں ملک کے دیگر صوبوں سے زائرین وعقیدت مندوں کی شرکت کے پیش نظر سندھ کے داخلی وخارجی راستوں اور مرکزی وذیلی شاہراہوں پر متعلقہ تھانوں کے لحاظ سے سیکیورٹی کو نا صرف غیر معمولی بنایا جائے بلکہ محفوظ سفر کے ضمن میں بھی ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں۔

انہوں نے تمام ڈی آئی جیز کو ہدایات جاری کیں کہ پولیس چیک پوسٹس, چوکیوں اور ناکوں پر سرچنگ, کڑی نگاہ رکھنے سمیت تمام تر لاجسٹک سپورٹ کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جائے جبکہ پولیس کنٹرول/ وائرلیس بیسز کے مجموعی امور کو انتہائی ٹھوس بنایا جائے تاکہ اطلاعات کی شیئرنگ اور کم سے کم وقت میں پولیس ریسپانس کی بدولت تمام تر انسدادی اقدامات کو بروقت ممکن بنایا جاسکے۔

انہوں نے کہا کہ تمام مساجد, امام بارگاہوں, مزارات, اقلیتی برادری کے مذہبی مقامات, پبلک مقامات سرکاری ونجی اسکولوں, کالجوں, جامعات, اسپتالوں, اہم عمارتوں وغیرہ پر کی گئی پولیس ڈپلائمنٹ کو نا صرف سیکیورٹی بریفنگ بلکہ متعلقہ ایس ایچ اوز کی علاقوں میں موجودگی اور گشت کے عمل کو بھی یقینی بنایا جائے۔

ترجمان سندھ پولیس نے دفتر سے جاری اعلامیئے میں عوام سے کہا ہے کہ کسی بھی مقام پر کوئی مشکوک گاڑی, پارسل, بیگ, تھیلا, بریف کیس وغیرہ یا مشتبہ شخص یا حرکات دکھائی دینے پر فوری اطلاع مددگار 15, ڈی آئی جیز, ایس ایس پیز, ایس ڈی پی اوز وفاتر, قریبی تھانوں, گشت پر مامور پولیس موبائلز, موٹر سائیکل سوار افسران جوانوں یا پکٹنگ فرائض پر تعینات علاقہ پولیس کے افسران اور جوانوں کو دیں۔

-:-:-:-:-:-:-:-:-:-:-:-:-:-:-

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 02199212639

# کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم آئی جی کمپلینٹ سیل (9110) کو آئی اے بی (IAB) کے ماتحت کردیا گیا۔
# ضلعوں کی سطح پر کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جائے۔ آئی جی سندھ

کراچی 28 اگست 2018ء:۔

آئی جی سندھ امجد جاوید سلیمی کی زیر صدارت انٹرنل اکاؤنٹیبلٹی برانچ (IAB) کے جملہ امور کے حوالے سے ہونیوالے اجلاس میں تیار کردہ اسٹینڈنگ آپریٹنگ پروسیجرز (SOP's) کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور اسے فوری طور پر قابل عمل بنانے کے ضمن میں باقاعدہ احکامات دیئے گئے۔ ایس او پیز کے مطابق صوبائی سطح پر پولیس کیخلاف شکایات بشمول بدعنوانی اختیارات کا ناجائز استعمال، قانون پسند شہریوں کو ہراساں کرنا، دھونس، دھمکیاں وغیرہ نا صرف آئی اے بی کے تحت اسکے سربراہ و دیگر رینج و اضلاع کے ممبران بذاتِ خود انکوائری کرینگے بلکہ مرتکبین کے خلاف تمام تر ضروری محکمانہ و قانونی کاروائی کے حوالے سے جامع سفارشات برائے آئی جی سندھ ارسال بھی کرینگے۔

آئی جی سندھ نے اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی (IAB) ڈاکٹر آفتاب پٹھان، ڈی آئی جی (IAB) ذوالفقار علی لاڑک، ڈی آئی جی (IAB) کراچی رینج کیپٹن ریٹائرڈ عاصم خان، ایس پی (IAB) سی پی او عارف راؤ، ایس پی (IAB) کراچی جہانزیب نذیر، اے ایس پی (IAB) حیدرآباد عبداللہ لک، ایس پی (IAB) حیدرآباد توقیر محمد نعیم، جبکہ (IAB) میرپورخاص سکھر، شہید بینظیر آباد اور لاڑکانہ کے ایس پیز کیلئے بالترتیب عابد علی بلوچ، اسد رضا، رائے اعجاز احمد، سرفراز نواز اور شوکت علی کھٹیان پر مشتمل باڈی کے قیام کا اعلان کیا اور ضروری ہدایات دیں۔

آئی جی سندھ نے اے آئی جی ایڈمن کو ہدایات دیں کہ (9110) پر موصول ہونیوالی عوامی شکایات روزانہ کی بنیاد پر برائے ملاحظہ ارسال کی جائے تاکہ متاثرین کو جلد سے جلد انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔ علاوہ ازیں انہوں نے اے آئی جی ایڈمن سی پی او کو بطور سیکریٹری ٹو ایڈیشنل آئی جی (IAB) نامزد کرنیکی منظوری بھی دی۔

انہوں نے تمام ڈی آئی جیز اور ایس ایس پیز کو ہدایات جاری کیں کہ عوام کی پولیس کے خلاف شکایات سننے کیلئے باقاعدہ کھلی کچہریوں کا انعقاد کریں اور جملہ شکایات (IAB) کو ارسال کریں جنکی میں بذاتِ خود مانیٹرنگ کرونگا اور مرتکب ٹھرائے جانیوالے پولیس افسران و اہلکاروں کیخلاف نا صرف محکمانہ بلکہ قانونی کاروائی کو بھی یقینی بنایا جائیگا۔

اجلاس میں آئی (IAB) کے مذکورہ جملہ ممبران نے شرکت کی اور آئی اے بی (IAB) ایس او پیز (SOP) کے تحت تمام تر ممکنہ کاروائیوں کو ہر سطح پر یقینی بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

-:-:-:-:-:-:-:-:-:-:-:-